Bihar Board

SAMPLE PAPER

aglasem.com

2024

COPYRIGHT RESERVED

Subject Code - 107/207/307/503

20.24.............

Candidates are required to give their answer in their own words as far as praticable

परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

Figures in the Margin indicate full marks

दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

Time : 3 Hours 15 Minutes
समय : 3 घंटे 15 मिनट

Full Marks - 100
पूर्णांक 100

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

URDU

Intermediate Examination 2024

इन्टरमीडिएट परीक्षा- 2024

Instructions for the candidates:

1. Candidate must enter his/her Question Booklet serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.
2. Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable.
3. Figures in the left hand margin indicate full marks.
4. 15 minutes of extra time has been allotted for candidates to read the questions.
5. This question paper is divided into two sections. Section-A and section-B.
6. In section-A, there are 100 objective type questions, out of which only 50 questions are to be answered. If more than 50 questions are answered, then only first 50

schools.aglasem.com

aglasem.com

COPYRIGHT RESERVED

20....................

Candidates are required to give their answer in their own words as far as praticable

परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

Figures in the Margin indicate full marks

दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

Time :
समय :

Full Marks -
पुर्णांक

प्रश्न संख्या	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक
	will be evaluated. Each question carry 1 mark. For	
	answering these darken the circle with blue/black ball	
	pen against the correct option on OMR Answer Sheet	
	provided to you. Do not use whitener/liquid/blade/	
	nail etc. on OMR Answer Sheet, otherwise the result	
	will be treated invalid.	
	7. In Section-B, there are 7 short answer and long	
	answer type questions. Marks indicate left side against	
	each question.	
	8. Use of any electronic appliances is strictly prohibited.	
	ہدایات :	
	1۔ امیدواروں کو OMR ~~جوابی پرچہ~~ شیٹ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (ہندسوں	
	میں لکھنا ہوگا۔	
	2۔ امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔	
	3۔ بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔	
	4۔ سوالات پڑھنے کے لئے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔	
	5۔ یہ ~~سوالنامہ~~ سوال نامہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن-A اور سیکشن-B	

schools.aglasem.com
aglasem.com

COPYRIGHT RESERVED

20....................

Candidates are required to give their answer in their own words as far as praticable

परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

Figures in the Margin indicate full marks

दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

Time :
समय :

Full Marks -
पुर्णांक

प्रश्न संख्या	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक
	6۔ سیکشن A- میں ۱۰۰ معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب	
	دینا ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دئے جائیں گے تو صرف پہلے 50	
	سوالوں کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لئے ایک نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب	
	دینے کے لئے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/	
	کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/	
	ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔	
	7۔ سیکشن B- میں 7 مختصر اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لئے	
	بائیں جانب مارکس درج ہیں۔	
	8۔ کسی قسم کے الکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔	

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक
	SECTION-'A'	
	درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ جواب	
	دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے۔ $50 \times 1 = 50$	
01	راکس فیلر کون تھا؟	1
	(A) ڈاکٹر (B) تاجر (C) کسان (D) سائنس داں	
02	کس کی خواہش پر میر امن نے 'باغ و بہار' جیسی کتاب ترجمہ کی؟	2
	(A) آصف الدولہ (B) جان گلکرسٹ (C) نواب واجد علی شاہ (D) محمد حسین	
03	'ہیرامن' کے افسانہ نگار کون ہیں؟	3
	(A) جیلانی بانو (B) عصمت چغتائی (C) شکیلہ اختر (D) شفیع جاوید	
04	مولانا آزاد کہاں مدفون ہیں؟	4
	(A) مکہ (B) کولکاتا (C) دہلی (D) لکھنؤ	
05	درج ذیل میں سے کس کی شادی لاہور میں ہوئی؟	5
	(A) پریم چند (B) بیدی (C) کرشن چندر (D) منٹو	
06	عمیق حنفی کا اصل نام کیا ہے؟	6
	(A) عبدالعزیز حنفی (B) عامر حنفی (C) عبداللہ حنفی (D) افروز حنفی	
07	'ہم نہیں جانتے' کس کی نظم ہے؟	7
	(A) یوجینو مونتالے (B) عمیق حنفی (C) ظفر گمالی (D) عطا کاکوی	
08	خلیل الرحمن اعظمی نے اعلیٰ تعلیم کہاں حاصل کی؟	8
	(A) اعظم گڑھ (B) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (C) جامعہ ملیہ اسلامیہ (D) جے این یو	

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या (के लिए अंक)	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक (संख्या)
09	جوش آزادی کے بعد کہاں چلے گئے تھے ؟	9
	(A) انگلینڈ (B) ایران (C) پاکستان (D) افغانستان	
10	راسخ کا مزار کہاں ہے ؟	10
	(A) پھلواری شریف (پھل واری) (B) لودی کٹرہ، پٹنہ سیٹی (C) داناپور، پٹنہ (D) سلطان گنج، پٹنہ	
11	ذیل میں خاکہ کون ہے ؟	11
	(A) باغ و بہار (B) توبۃ النصوح (C) نذیر احمد کی کہانی (D) فسانۂ عجائب	
12	احمد جمال پاشا کی پیدائش کہاں ہوئی ؟	12
	(A) حیدرآباد (B) الہ آباد (C) مرادآباد (D) فرخ آباد	
13	امّو کی خادمہ کا کیا نام ہے ؟	13
	(A) خواجہ امیرن (B) خواجہ بی (C) امراؤ بیگم (D) فرحت بیگم	
14	'غبار خاطر' میں کیا ہے ؟	14
	(A) افسانے (B) ~~انشائیے~~ نظمیں (C) خطوط (D) ڈرامے	
15	'کامل انقلاب' کا تصور کس نے پیش کیا ؟	15
	(A) جواہر لال نہرو (B) اندرا گاندھی (C) جے پرکاش نارائن (D) راجیو گاندھی	
16	'برق کلیسا' کیسی نظم ہے ؟	16
	(A) ظریفانہ (B) سنجیدہ (C) رثائی (D) مدحیہ	
17	'کوارنٹین' کس کا افسانہ ہے ؟	17
	(A) سعادت حسن منٹو (B) جیلانی بانو (C) راجندر سنگھ بیدی (D) شفیع جاوید	
18	خلیل الرحمن اعظمی نے کس کی نگرانی میں پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا ؟	18

schools.aglasem.com

aglasem.com

प्रश्न संख्या	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक
	(A) نادر علی خان (B) پروفیسر رشید احمد صدیقی (C) پروفیسر سید سلیمان (D) ان میں سے کوئی نہیں	
19	جوش کی جائے پیدائش کہاں ہے؟	19
	(A) رام پور (B) فیض آباد (C) ملیح آباد (D) لکھنؤ	
20	راسخ کے اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟	20
	(A) لکھنؤ (B) حیدرآباد (C) دہلی (D) الہ آباد	
21	سید سلیمان ندوی کی جائے پیدائش کہاں ہے؟	21
	(A) کراچی (B) لکھنؤ (C) پٹنہ (D) دسنہ	
22	'باغ و بہار' کس فارسی کتاب کا ترجمہ ہے؟	22
	(A) قصۂ چہار درویش (B) گلزار نسیم (C) گلستاں (D) نوطرز مرصع	
23	شفیع جاوید کس صنف سے وابستہ ہیں؟	23
	(A) شاعری (B) افسانہ (C) انشائیہ (D) خاکہ	
24	ان میں سے کس رسالے کا تعلق مولانا آزاد سے نہیں ہے؟	24
	(A) الہلال (B) ہمدرد (C) البلاغ (D) لسان الصدق	
25	جے پرکاش نارائن کس دن جیل سے فرار ہونے میں کامیاب ہوئے؟	25
	(A) ہولی کے دن (B) درگا پوجا کے دن (C) دیوالی کے دن (D) شیوراتری کے دن	
26	اکبر الہ آبادی کو کن خدمات کے صلے میں 'خان بہادر' کا خطاب دیا گیا؟	26
	(A) ادبی خدمات (B) ملّی خدمات (C) عدالتی خدمات (D) قومی خدمات	
27	غالب اردو کے علاوہ کس زبان میں شاعری کرتے تھے؟	27
	(A) فارسی میں (B) عربی میں (C) ترکی میں (D) ہندی میں	

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या (के लिए अंक)	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक (सं० व्या)
~~28~~	~~17~~ اردو حروف تہجی کے کل کتنے حروف ہیں ؟	28
	(A) 25 (B) 26 (C) 27 (D) ~~28~~ ان میں سے کوئی نہیں	
~~29~~	جوش کا پورا نام کیا ہے ؟	29
	(A) بشیر احمد خاں (B) شبیر احمد خاں (C) نذیر احمد خاں (D) شاہد علی خاں	
~~30~~	درج ذیل میں سے راسخ کس کے شاگرد تھے ؟	30
	(A) میر تقی میر (B) میر حسن (C) میر درد (D) میر انیس	
~~31~~	سید سلیمان ندوی کی وفات کہاں ہوئی ؟	31
	(A) کراچی (B) لاہور (C) لکھنؤ (D) پٹنہ	
~~32~~	انشائیہ 'ہجرت' میں مصنف نے مغرب کو کس کی علامت قرار دیا ہے؟	32
	(A) غلامی (B) آزادی (C) ہجرت (D) امن	
~~33~~	محکمہ اطلاعات و نشریات میں شفیع جاوید کس عہدہ پر فائز تھے ؟	33
	(A) کلرک (B) ~~افسر~~ مالی (C) انجینئر (D) ڈائرکٹر	
~~34~~	نصاب میں مولانا آزاد کے کتنے خطوط شامل ہیں ؟	34
	(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار	
~~35~~	جے پرکاش نارائن کا کون سا خطبہ شامل نصاب ہے ؟	35
	(A) انقلاب کامل (B) کامل انقلاب (C) دھول کے پھول (D) پیغام انقلاب	
~~36~~	اکبر الہ آبادی کا اصل نام کیا تھا ؟	36
	(A) اکبر حسین (B) اصغر حسین (C) اظہر حسین (D) احمد حسین	
~~37~~	غزل کا پہلا شعر جس میں دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں، اسے کیا کہا جاتا ہے ؟	37

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक
	(A) مقطع (B) مطلع (C) حسن مطلع (D) زیب مطلع	
38	ارشد مرحوم کی موت کتنے سال کی عمر میں ہوئی؟	38
	(A) 31 (B) 32 (C) 33 (D) 34	
39	مجاز کی تعلیم کہاں تک ہوئی؟	39
	(A) بی-اے- (B) ایم-اے- (C) پی ایچ-ڈی- (D) انٹرمیڈیٹ	
40	سودا کا پورا نام کیا تھا؟	40
	(A) مرزا محمد رفیع (B) مرزا محمد شفیع (C) رفیع احمد (D) محمد رفیع	
41	انشائیہ نگار کا مقصد کیا ہوتا ہے؟	41
	(A) جدت طرازی (B) طنز و مزاح (C) سادگی (D) عالمانہ بحث	
42	باغ و بہار کب لکھی گئی؟	42
	(A) 1901ء (B) 1801ء (C) 1880ء (D) 1850ء	
43	شفیع جاوید نے کس مضمون میں ایم-اے- کیا؟	43
	(A) اردو (B) فارسی (C) سماجیات (D) انگریزی	
44	'غبار خاطر' کے خطوط کس جیل سے لکھے گئے؟	44
	(A) ہزاری باغ جیل (B) بانکی پور جیل (C) قلعہ احمد نگر جیل (D) تہاڑ جیل دہلی	
45	'کامل انقلاب' کے مصنف کون ہیں؟	45
	(A) راجندر پرساد (B) مولانا آزاد (C) جے پرکاش نارائن (D) سری کرشن سنگھ	
46	نظم 'برق کلیسا' میں شاعر نے 'گلشن فطرت کی بہار' کس کو کہا ہے؟	46
	(A) مس کو (B) دوست کو (C) فطرت کو (D) شاعر کو	

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या (के लिए अंक)	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक (संख्या)
47	غالب کی والدہ کا کیا نام تھا؟	47
	(A) شرف النساء بیگم (B) بدر النساء بیگم (C) عزت النساء بیگم (D) سروری بیگم	
48	مجاز لکھنوی کی وفات کب ہوئی؟	48
	(A) 1954ء (B) 1955ء (C) 1956ء (D) 1957ء	
49	'عمرِ ارشد' کیا ہے؟	49
	(A) نظم (B) مرثیہ (C) قصیدہ (D) قطعۂ تاریخ	
50	'انجم' کے معنی کیا ہے؟	50
	(A) سورج (B) چاند (C) ستارے (D) کہکشاں	
51	احمد جمال پاشا کی وفات کہاں ہوئی؟	51
	(A) سیوان (B) الٰہ آباد (C) پٹنہ (D) دہلی	
52	منٹو کی والدہ کا کیا نام تھا؟	52
	(A) کردار بیگم (B) سردار بیگم (C) گفتار بیگم (D) ہاجرہ بیگم	
53	افسانہ 'ابراہیم سقّہ' میں کس گاؤں کا تذکرہ ہے؟	53
	(A) دھوان (B) گھوان (C) جھوان (D) بھوان	
54	سرور کے والد کا کیا نام تھا؟	54
	(A) مرزا اصغر علی (B) مرزا اظہر علی (C) مرزا مظہر علی (D) مرزا قیصر علی	
55	درج ذیل میں علی سردار جعفری کا شعری مجموعہ کون ہے؟	55
	(A) سنگ پیراہن (B) سیارگان (C) پرواز (D) سندباد	
56	'متشاعر' کے لفظی معنی کیا ہیں؟	56

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या	प्रश्न के लिए अंक	प्रश्न	प्रश्न संख्या लिए अंक
		(A) نقلی شاعر (B) اصلی شاعر (C) مبتدی شاعر (D) ان میں سے کوئی نہیں	
57		یگانہ چنگیزی کا اصل نام کیا تھا ؟	57
		(A) مرزا ناصر علی (B) مرزا واجد حسین (C) مرزا واجد حسین (D) مرزا شاہد حسین	
58		مرثیہ گوئی کے لئے کون سی ہیئت ~~اختیار کی گئی ؟~~ مقبول ہوئی ؟	58
		(A) مسدس (B) مربع (C) مخمس (D) مثمن	
59		تاریخ ادب میں ولی دکنی کس کے درمیان ایک پل کی طرح دکھائی دیتے ہیں ؟	59
		(A) شمال اور جنوب (B) شمال اور مشرق (C) جنوب اور مغرب (D) شمال اور مغرب	
60		قصیدہ کا وہ کون سا حصہ ہے جس سے غزل جیسی صنف پیدا ہوئی ؟	60
		(A) گریز (B) تشبیب (C) مدح (D) طلب	
61		درج ذیل میں دکن کا مشہور شاعر کون ہے ؟	61
		(A) نصرتی (B) آتش (C) فائز (D) ذوق	
62		صحیح جملہ ہے ؟	62
		(A) لڑکا نے دیکھا (B) لڑکا دیکھا (C) لڑکا سے دیکھا (D) لڑکا نے دیکھی	
63		گھبرانا کا حاصل مصدر کیا ہوگا ؟	63
		(A) گھبرالو (B) گھبراؤ (C) گھبراہٹ (D) گھبرانا	
64		تشبیہ کی نشاندہی کریں ؟	64
		(A) ابن مریم (B) اونٹ جیسا قد (C) آب حیات (D) شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا	
65		جدید اردو نظم کی روایتوں میں کس نظم کو اولیت حاصل ہے ؟	65
		(A) دیوالی (B) مسجد قرطبہ (C) شب قدر (D) عید	

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक
66	'یہاں سے جاؤ' میں 'جاؤ' کون سا فعل ہے؟	66
	(A) فعل ماضی (B) فعل امر (C) فعل نہی (D) فعل مستقبل	
67	'دن میں تارا نظر آنا' کا کیا مطلب ہے؟	67
	(A) گرہن لگنا (B) مایوسی چھا جانا (C) سورج کی روشنی ماند پڑ جانا (D) ہر طرف روشنی ہونا	
68	'سحر البیان' کیا ہے؟	68
	(A) مثنوی (B) قصیدہ (C) رباعی (D) ناول	
69	لفظ 'شب' کی ضد کیا ہوگی؟	69
	(A) رات (B) اندھیرا (C) روشنی (D) ~~دن~~ روز	
70	'قینچی' اسم نکرہ کی کون سی قسم ہے؟	70
	(A) اسم حالیہ (B) اسم فاعل (C) اسم آلہ (D) اسم ظرف	
71	'بولے گا' کس طرح کا فعل ہے؟	71
	(A) ماضی (B) حال (C) مستقبل (D) مضارع	
72	'عود ہندی' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟	72
	(A) اقبال (B) سرسید (C) غالب (D) چکبست	
73	'ظلم' کی ضد کیا ہوگی؟	73
	(A) عادل (B) عدل (C) عدالت (D) عدلیہ	
74	'اندھیرے گھر کا دیا' سے کیا مراد ہے؟	74
	(A) شہرت (B) طاقت (C) اولاد (D) دولت	
75	'راشد لومڑی کی مانند چالاک ہے'۔ اس میں کس کو تشبیہ دی گئی ہے؟	75

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या (के लिए अंक)	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक (संख्या)
	(A) راشد (B) لومڑی (C) کی مانند (D) چالاک	
76	گائے کا مذکر کیا ہے؟	76
	(A) بھینس (B) بھینسا (C) بیل (D) بچھڑا	
77	درج ذیل میں مقتول کیا ہے؟	77
	(A) اسم فاعل (B) اسم مفعول (C) اسم ذات (D) اسم صفت	
78	تشبیہ کے لئے لازم ہے؟	78
	(A) مشترک آواز (B) مشترک صفات (C) مشترک الفاظ (D) مشترک بناوٹ	
79	'کوارنٹین' افسانہ میں کس وبا کا ذکر ہے؟	79
	(A) تپ دق (B) ملیریا (C) پلیگ (D) نمونیہ	
80	'یہاں مت آؤ' میں 'مت آؤ' کون سا فعل ہے؟	80
	(A) فعل امر (B) فعل ماضی (C) فعل نہی (D) فعل حال	
81	محاورہ 'اپنا الو سیدھا کرنا' کا کیا مطلب ہے؟	81
	(A) بے پرواہ ہونا (B) مطلب نکالنا (C) نقصان پہنچانا (D) غرور کرنا	
82	اسم کی تعداد ایک سے زیادہ ہو تو اسے کہتے ہیں؟	82
	(A) واحد (B) جمع (C) جمع الجمع (D) اوصاف	
83	جمع الجمع کی مثال ہے؟	83
	(A) جواہرات (B) وظائف (C) اوراق (D) ایام	
84	'ذہین طالب علم' میں 'ذہین' کیا ہے؟	84
	(A) اسم آلہ (B) صفت (C) اسم ظرف (D) فعل	

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक
85	'میں پٹنہ جاؤں گا' یہ کون سا زمانہ ہے ؟	85
	(A) ~~فعل~~ ماضی (B) ~~فعل~~ مستقبل (C) ~~فعل~~ حال (D) ماضی قریب	
86	درج ذیل میں ماضی شکیہ کون ہے ؟	86
	(A) احمد آیا ہوگا (B) محمود جاتا تھا (C) حامد آیا تھا (D) احمد آچکا ہے	
87	درج ذیل میں کون مذکر ہے ؟	87
	(A) محفل (B) سرکار (C) مخالفت (D) ~~سفارش~~ ان میں سے کوئی نہیں	
88	'کھانا کھاؤ' کون سا فعل ہے ؟	88
	(A) فعل امر (B) فعل نہی (C) فعل مضارع (D) فعل حال	
89	اسم فاعل ~~کا~~ کی مثال ہے ؟	89
	(A) دیکھنے والا (B) دیکھا ہوا (C) دیکھا گیا (D) دیکھنا	
90	مندرجہ ذیل میں اسم نکرہ یعنی اسم عام کون ہے ؟	90
	(A) گنگا (B) جمنا (C) ندی (D) جھیلم	
91	خبر کی جمع کیا ہوگی ؟	91
	(A) خبیر (B) مخبر (C) اخبار (D) خبار	
92	'تم ضرور پاس کروگے' یہ کون سا زمانہ ہے ؟	92
	(A) ~~فعل~~ ماضی (B) ~~فعل~~ مستقبل (C) ~~فعل~~ حال (D) ماضی قریب	
93	'میں آیا تھا' کون سا صیغہ ہے ؟	93
	(A) واحد غائب (B) واحد حاضر (C) واحد متکلم (D) جمع متکلم	
94	درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟	94

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या के लिए अंक	प्रश्न	प्रश्न के लिए अंक संख्या
	(A) نعمت (B) اذان (C) نماز (D) حج	
95	کس فعل میں حال اور مستقبل دونوں زمانہ پایا جاتا ہے؟	95
	(A) حال (B) ماضی (C) مضارع (D) مستقبل	
96	'احمد پڑھ رہا ہے' اس میں احمد کیا ہے؟	96
	(A) فعل (B) صفت (C) فاعل (D) مفعول	
97	روح کی صفت کیا ہوگی؟	97
	(A) ارواح (B) روحانی (C) روحانیت (D) رومانی	
98	میں انتظار کر رہا ______ ۔ جملہ مکمل کریں؟	98
	(A) ہیں (B) ہو (C) ہوں (D) ہے	
99	'اکرم کھیل رہا ہے' کونسا صیغہ ہے؟	99
	(A) واحد غائب (B) واحد حاضر (C) واحد متکلم (D) جمع متکلم	
100	درج ذیل میں مؤنث کون ہے؟	100
	(A) دہی (B) موتی (C) کرسی (D) ہاتھی	
	—— x ——	

schools.aglasem.com

aglasem.com

प्रश्न के लिए संख्या अंक | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक सं०

section-B

1 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے: 1×8=8

(a) رمضان المبارک

(b) میرا پسندیدہ کھیل

(c) میری ماں

(d) گرمی کی تعطیل

2 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے: 2×2=4

(a) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

(b) ہم بانسری پر موت کی گاتے رہے نغمہ ترا
اے زندگی اے زندگی! رتبہ رہے بالا ترا

(c) موت سے کس کو مفر ہو، تاجور ہوں یا گدا
جب شہہ لولاک کی بھی ظاہراً تربت بنی

(d) پہاڑ کاٹنے والے زمیں سے ہار گئے
اسی زمین میں دریا سمائے ہیں کیا کیا

3 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے: 1×4=4

پیٹ کے لئے کھانوں میں سب سے زیادہ ضروری کھانا کون سا ہے؟ لوگ
اپنے اپنے تجربہ اور عادت کے مطابق اس کے کئی جواب دے سکتے ہیں، لیکن
میں سمجھتا ہوں کہ جو میرا خیال وہی اکثروں کا ہے یعنی یہ کہ کھانوں میں سب

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

section - B

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے: 1X8=8

(a) رمضان المبارک

(b) میرا پسندیدہ کھیل

(c) میری ماں

(d) گرمی کی تعطیل

2. مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے: 2x2=4

(a) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں

(b) ہم بانسری پر موت کی گاتے رہے نغمہ ترا
اے زندگی اے زندگی! رتبہ رہے بالا ترا

(c) موت سے کس کو مفر ہو، تاجور ہوں یا گدا
جب شہہ لولاک کی بھی ظاہراً تربت بنی

(d) پہاڑ کاٹنے والے زمیں سے ہار گئے
اسی زمین میں دریا سمائے ہیں کیا کیا

3. مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے: 1x4=4

پیٹ کے لئے کھانوں میں سب سے زیادہ ضروری کھانا کون سا ہے؟ لوگ اپنے اپنے تجربہ اور عادت کے مطابق اس کے کئی جواب دے سکتے ہیں، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو میرا خیال وہی اکثروں کا ہے یعنی یہ کہ کھانوں میں سب

schools.aglasem.com
aglasem.com

سے زیادہ ضروری کھانا ناشتہ ہے۔"

یا

ہم نے بھی کالج میں مولوی صاحب کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے۔ یہاں
تک کہ یہ آواز ہندو کالج کے طلبہ کے کان تک پہنچی۔ وہاں کے ایک طالب علم
مسٹر رضا کے دل میں گدگدی اٹھی۔ وہ آئے ہم سے ملے اور کہا: بھئی میں بھی تمہارے
ساتھ چلوں۔ مولوی صاحب انکار تو نہ کریں گے۔"

4 اپنے اسکول کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے جس میں فیس معاف کرنے کی
گزارش کی گئی ہو۔ 1×5 = 5

یا

اپنے کلاس ٹیچر کو ایک درخواست لکھیں جس میں دو دن غیر حاضر رہنے
کی معذرت کی گئی ہو۔

5 درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کا مختصر جواب دیجئے: 5×2 = 10

(a) پورب اور پچھم کی زبانوں سے کون زبانیں مصنف مراد لیتا ہے؟

(b) کس کی خواہش پر میر امّن نے باغ و بہار جیسی کتاب ترجمہ کی؟

(c) خاکہ نگاری کس کو کہتے ہیں؟

(d) خواجہ حسن نظامی کی کوئی دو کتابوں کے نام لکھیں؟

(e) کس کے مقابلے میں مہذب انسان معذور ہے؟

(f) علی سردار جعفری کی چار نظموں کے عنوان بتائیے؟

(g) مشاعر کا بس چلے تو وہ کون سا کام کرنا چاہتا ہے؟

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

(h) خلیل الرحمن اعظمی کا پیشہ کیا تھا؟

(i) مشرقی شاعری میں مرثیہ کسے کہتے ہیں؟

(j) غالب نے 'وظیفہ خوار' کس کو کہا ہے؟

6. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجیے: $3 \times 5 = 15$

(a) مٹی کا تیل انسان کا شریک غم کیسے ہے؟

(b) جیلانی بانو کے افسانہ 'پیرامیس' میں امّو کے دکھی رہنے کا سبب کیا ہے؟

(c) احمد جمال پاشا نے خانہ بدوشوں کو 'زندگی کا کمہار' کیوں کہا ہے؟ واضح کیجیے۔

(d) نصاب میں شامل کوئی دو اشعار اپنی یاد سے لکھیے۔

(e) نظم 'برق کلیسا' کا خلاصہ لکھیے۔

(f) ڈپٹی نذیر احمد اپنے شاگردوں سے کیوں غصہ ہو گئے تھے؟

7. درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجیے: $1 \times 4 = 4$

"ہماری منزل بہت اہم ہے۔ لیکن ہے وہ کافی دور۔ ہمارا مقصد صالح جمہوریت ہے۔ عوام کی حکومت بنانی ہے۔ استحصال کو ختم کرنا ہے اور تنگ دلی اور تفرقات کی دیواروں کو مسمار کر دینا ہے۔ ایک نئے ہندوستان کی تعمیر کرنی ہے۔ یہ کام بہت مشکل ہے۔ لیکن جب عزم مستحکم ہو تو منزل کا ملنا لازمی امر ہے۔ ہمیں منزل ضرور ملے گی کیوں کہ ہم نے نیک نیتی سے معاشرے کو صالح بنیادوں پر کھڑا کرنے کا مصمم ارادہ کیا ہے۔"

یا

schools.aglasem.com
aglasem.com

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے :

(a) ہیرا مس (b) ٹوبہ ٹیک سنگھ (c) گفتگو

— X —

AglaSem Earn while Learn Program. Send your papers and get paid.
Contact: support@aglasem.com
aglasem.com
schools.aglasem.com